© rasailojaraid.com

سے مرتب شدہ کوئی کتاب نظر نواز ہو۔(سلیم منصور خالد)

**Issues - Non Issues**، سید فیاض الدین احمد۔ ناشر: انٹرمیڈیا کمیونی کیشنز، بی-۱۳۸، بلاک ڈی، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۲۱۲۔ قیمت: ۳۵۰ روپے/۶ امریکی ڈالر۔

سید فیاض الدین احمد، ترکِ وطن کر کے برطانیہ میں جا مقیم ہوئے۔ عالمی پیمانے پر عمومی اور پاکستان میں ہونے والے واقعات پر خصوصی طور پر اُنھوں نے جو کچھ محسوس کیا، اُسے ضبطِ تحریر میں لے آئے۔ زیرتبصرہ کتاب اُن مضامین، خطوط بنام ایڈیٹر اور مراسلوں کا مجموعہ ہے جو گذشتہ ۱۵ برسوں میں اُنھوں نے تحریر کیے اور مختلف قومی و عالمی اخبارات و رسائل میں شائع ہوئے۔ اِن سب کی مشترکہ خوبی اِن کا اختصار ہے۔ ۶۰ سے زائد تبصروں، خطوط اور مضامین کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں اسلام کا عالمی نقطۂ نظر، دوسرے حصے میں برطانیہ میں مسلمان، اور تیسرے حصے میں امورِ پاکستان کے حوالے سے مختصر تحریریں شاملِ اشاعت ہیں۔

مصنف اس کاوش سے یہ پیغام دینا چاہتا ہے کہ اہلِ پاکستان اگر اپنی ذمہ داریوں کو دُرست طریقے سے سنبھال لیں، اپنے داخلی نظام کو مستحکم بنیادوں پر اُستوار کرلیں اور اقوامِ عالم میں اصول پرست مملکت کی شناخت قائم کرلیں تو پاکستان نہ صرف داخلی طور پر مستحکم ہوسکتا ہے، بلکہ عالم گیر سیاست میں بھی اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

کتاب کا دوسرا حصہ خاص طور پر دل چسپی کا حامل ہے کیونکہ اس میں برطانیہ میں مقیم مسلمانوں کو درپیش مسائل، اُن کے خلاف کی جانے والی سازشیں اور ذرائع ابلاغ کی مہم اور اُن کے اندر موجود خامیوں کا دل چسپ لیکن جامع پیرایے میں ذکر کیا گیا ہے۔(محمد ایوب منیر)

**شاہ ولی اللہ کا قافلہ**، ظہورالدین بٹ۔ ناشر: ادارہ ادب اطفال، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔

برعظیم پاک و ہند میں اسلامی جمہوری فلاحی ریاست کے قیام کے لیے ۲۰۰ سالہ طویل جدوجہد جہاں تاریخی اہمیت رکھتی ہے، وہاں احیاے اسلام کی جدوجہد کے لیے درخشاں باب اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بہت سے عملی سبق کی حامل ہے۔ زیرنظر کتاب میں مصنف نے شاہ ولیؒ اللہ سے لے کر شیخ الہند مولانا محمود حسن کی وفات (۱۹۲۰ء) تک کی اقامتِ دین کی جدوجہد کو جامعیت اور اختصار کے ساتھ باہم مربوط کیا ہے۔ اندازِ بیان سادہ، دل چسپ، معلومات سے بھرپور اور رواں دواں ہے۔

شاہ ولی اللہ (۱۷۰۳ء-۱۷۶۳ء) کی علمی، سیاسی جدوجہد، ان کے خلف الرشید شاہ عبدالعزیز کی کاوشوں، سیداحمد شہید، مولانا شاہ اسماعیل شہید کی تحریک جہاد، ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے محرکات اور ناکامی کے اسباب، تحریکِ ریشمی رومال اور شیخ الہند کی عظیم جدوجہد کا تذکرہ اس میں شامل ہے۔

زیرنظر کتاب نوجوان نسل میں دین سے وابستگی اور اسلامی ریاست کے قیام کے لیے جدوجہد کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ (حمیداللہ خٹک)

## تعارف کتب

⊙ *The Holy Quran is Infallible*، [قرآن، خامیوں سے پاک کتاب]، سید شکیل احمد انور۔ ناشر: تلگو اسلامک پبلی کیشنز، ٹرسٹ سندیشیا بھوانم، لکڈکوٹ، چٹابازار، حیدرآباد-۵۰۰۰۰۲، آندھرا پردیش بھارت۔ صفحات: ۲۲۲۔ قیمت: ۱۵۰ بھارتی روپے۔ [عبداللہ عبدالفادی کی کتاب *Is The Quran Infallible?* میں قرآن کے کلام اللہ ہونے پر اٹھائے گئے اعتراضات کا یہ مدلّل جواب ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ اعتراضات بے بنیاد ہیں۔ عیسائیوں سے مکالمہ اور دعوت و تبلیغ کے لیے ایک مفید کتاب۔]

⊙ حجاب، قرآن و حدیث کی روشنی میں، مولانا کریم بخش۔ ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۲۳۵۰۹۴۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [جدیدیت کے علَم بردار جہاں اسلام پر اور بہت سے اعتراضات اٹھاتے ہیں، ان میں ایک موضوع عورت اور پردہ بھی ہے۔ زیرنظر کتاب پردہ پر اٹھائے جانے والے اعتراضات کا مدلّل جواب، پردے کی حکمت و احکامات اور اہم فقہی مباحث کا جامع تذکرہ ہے۔ قرآن، حدیث اور فقہ کو بنیاد بنایا گیا ہے، نیز مستند مفسرین کی تفاسیر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔]

---

© rasailojaraid.com